# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** اقراری اور استفہامی جملوں میں فرق واضح کر سکیں۔

عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ گیند، چٹیں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلا کر دائرے میں کھڑا کر دیں۔
- دائرے میں کھڑے ایک بچے کو گیند دیں جس پر پانچ سادہ جملوں کی چٹیں لگی ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ گیند اگلے بچے کو دیتے جائیں اور آپ گھنٹی بجانا شروع کریں۔
- اب گھنٹی بجانا بند کریں۔
- گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہوگی۔
- وہ گیند سے ایک چٹ اتار کر جملہ پڑھے گا۔
- اور اس کا گروہ اس کو اقراری اور استفہامی جملوں میں تبدیل کرے گا۔
- بچوں کی تصحیح کے لیے ان جملوں کو بورڈ پر بھی لکھیں اور اقراری اور استفہامی جملوں کے دو کالم بنا کر ساتھ ساتھ جملے لکھیں۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں میں قواعد کا تصور پختہ بنانا ہے اور انھیں ذہن نشین کروانا ہے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں استفہامی اور اقراری جملوں سے کیا مراد ہے؟ ان کے جواب لیں۔
- نہ آنے کی صورت میں شائستگی سے ان کو بتائیں جن جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے تو انھیں استفہامی جملے کہتے ہیں جب کہ وہ جملے جن میں کسی بات کا اقرار کیا جائے اقراری جملے کہلاتے ہیں۔

- جیسے بورڈ پر یہ جملے لکھیں۔

کیا علی اسکول گیا ہے؟________ استفہامی جملہ

جی ہاں! علی اسکول گیا ہے________ اقراری جملہ

- بچوں سے یہ جملے پڑھوائیں۔ انھیں بتائیں کہ جن جملوں میں سوال پوچھا جائے وہ استفہامیہ جملے کہلاتے ہیں جب کہ جن جملوں میں کسی بات کا اقرار کیا جائے وہ اقراری جملے کہلاتے ہیں۔
- اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 24 پر موجود سوال نمبر 9 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے عبارت کی پڑھائی پہلے خود کریں پھر بچوں سے کروائیں۔
- اب انھیں سوالات الف، ب، ج کی ایک سے دوبار پڑھائی کروائیں اور ہدایت دیں کہ عبارت پڑھ کر ان سوالات کے جواب دیں۔
- ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ دیں تاکہ وہ سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔
- لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر بچے کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور رہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلوائیں اور سوالات کا جوابات دینے کے لیے کہیں۔
- درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا بھی اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند سادہ جملے تحریر کریں اور متفرق بچوں کو بورڈ پر بلوا کر ان جملوں کے اقراری اور استفہامی جملے بنوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

ذیل میں دیے گئے جملوں کو استفہامی اور اقراری جملوں میں تبدیل کریں۔

(الف) کھیل انسانی زندگی میں خاص اہمیت رکھتے ہیں۔

(ب) اولمپک کھیلوں کی ابتدا ہزاروں سال پہلے یونان سے ہوئی۔

(ج) حمزہ اسکول گیا ہے۔

(د) ایجادات میں سب سے اہم ایجاد کمپیوٹر ہے۔

| استفہامی جملے | اقراری جملے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ہمارے علاقائی کھیل | |

**مقاصد:** کسی موضوع پر کم از کم دس مربوط جملے بنا سکیں۔

تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کو مد نظر رکھتے ہوئے کسی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

چھوٹے چھوٹے مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے حل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ معلوماتی پرچیاں، اسٹکی نوٹس

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنائیں۔
- پانچ ماچس کی ڈبیاں لیں۔
- کوئی سے پانچ کھیلوں کے ناموں کے حروف کاغذ کی پرچیوں پر لکھ لیں۔
- یہ حروف ڈبیوں میں اس طرح سے ڈالیں کہ ایک ڈبی میں ایک کھیل کے نام کے حروف ہوں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں۔
- اور انھیں ایک ایک ڈبی اُٹھانے کے لیے کہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا | ی | ہ | ک |

- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو ڈبی آئی ہے اس میں سے پرچیاں نکال کر ان پر لکھے ہوئے حروف پڑھیں۔
- انھیں درست ترتیب دے کر دیکھیں کہ کس کھیل کا نام بھی بنتا ہے۔
- یہ نام ایک دوسرے کو بتائیں اور ان کے کھیلنے کے طریقہ کار سے متعلق آپس میں بات چیت کریں۔
- انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔
- اس سے کھیل کا نام پوچھیں اور اس کے کھیلنے کا طریقہ کار بتانے کے لیے کہیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔

- اب بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ آپس میں بات چیت کر کے بتائیں کہ کھیل کے میدان میں کھلاڑیوں کے درمیان جھگڑے کی صورت میں آپ ان کے درمیان مسئلے کو کیسے حل کریں گے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- اب بورڈ پر سوال لکھیں۔

"کھیلوں کے انسانی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟"

- بچوں کے جوابات لیں اور ہر بچے کو اظہار خیال کا موقع دیں۔
- جن بچوں کا جواب ایک جیسا ہو ان کی جوڑیاں بنادیں۔
- ان جوڑیوں کو اسٹکی نوٹس دیں اور ہدایت دیں کہ اس سوال کا جواب باہم مشورے سے دس جملوں میں لکھیں۔
- نیز اسٹکی نوٹس پر اپنا نام بھی تحریر کریں۔
- سرگرمی کے لیے بچوں کو مقررہ وقت دیں۔
- وقت مکمل ہونے پر بچوں کو باری باری اپنے اسٹکی نوٹس بورڈ پر لگانے کا کہیں۔
- اب تمام نوٹس پر جملوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔
- ساتھ ساتھ جن بچوں نے بہترین سرگرمی کی ہو ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے جماعت کے باقی بچوں کو ان کے لکھے جملے پڑھوائیں۔
- اب ان اسٹکی نوٹس سے دس بہترین جملے تلاش کر کے بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں سے دو سے تین جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔
- سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کے چار گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔
- اب ہر گروہ میں دیے گئے موضوع پر تقریر تیار کروائیں۔
- موضوع "ایک عام شخص اور کھلاڑی" سے متعلق معلومات پر مبنی پرچیاں ہر گروپ میں تقسیم کریں۔
- اور ہدایت دیں کہ بچے مل کر دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔
- باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور تقریر کے دوران جملوں کے اُتار، چڑھاؤ، لب ولہجہ اور تلفظ اور الفاظ کی ادائی سے متعلق طلبہ کو ہدایات دیں۔
- تیاری کے بعد تقریب کا اہتمام کریں اور بچوں کو اپنی اپنی تقاریر پیش کرنے کی ہدایت کریں۔
- بہترین مقرر کی حوصلہ افزائی کی جائے اور انعام سے نوازا جائے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) کھیلوں کی اہمیت کے موضوع پر بورڈ پر طلبہ سے کوئی سے دو، دو جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت کے کام کی مشق کر کے لانی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: جائزہ | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔

## تحریکی سر گرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 25 کھلوائیں۔
- اور سر گرمی کے سوال نمبر 1 کی پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں سے دی گئی نظم کو روانی سے پڑھوائیں اور ان کے تلفظ کو چیک کریں۔
- اسکے بعد بچوں کو دائرے میں بٹھائیں اور انھیں آپس میں ایک دوسرے کو اپنے پسندیدہ اشعار یا نظمیں سنانے کو کہیں۔
- دورانِ سر گرمی بچوں کا بغور مشاہدہ کریں اور جو بچے سر گرمی میں حصہ لینے سے ہچکچاہٹ محسوس کریں ان کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں سر گرمی میں شامل کریں تا کہ اُن میں بھی خود اعتمادی پیدا ہو سکے۔
- سوال نمبر 4 میں دی گئی عبارت کی پڑھائی کروائیں۔
- باقی بچوں کو ہدایت کریں کہ عبارت کو توجہ سے سنیں اور آخر میں عبارت سے متعلق سوال و جواب کے لیے 3 منٹ مختص کریں۔
- سوال نمبر 6 انفرادی طور پر بچوں سے کتاب پر حل کروائیں اور کیا گیا کام چیک کریں۔
- سوال 7 تا 9 کے سوالات بورڈ پر لکھیں اور طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ کاپیاں نکالیں اور ان سوالات کے جواب دیں۔
- انھیں مقررہ وقت دیں۔

| |
|---|
| • کام مکمل ہونے کے بعد متفرق بچوں کو ان کے لکھے جملے پوری جماعت کو سنانے کے لیے کہیں۔<br>• تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:(3منٹ)** بچوں کے کیے گئے تمام کام کو چیک کریں۔ غلطیوں کی اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:(5منٹ)** کھیلوں کی اہمیت کے موضوع پر بورڈ پر طلبہ سے کوئی سے دو، دو جملے بنوائیں۔ |
| **گھر کا کام:(2منٹ)** جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:سوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں۔

## تحریکی سرگرمی:(5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے پوچھیں کیا انھوں نے کبھی دوسروں کی مدد کی ہے؟
- اُن سے انفرادی طور پر جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنائیں اور ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- اب اس ٹوکری کو ایک بچے کو پکڑائیں اور اس کو ایک پرچی نکالنے کو کہیں۔
- پرچی نکالنے والا بچہ پرچی کھول کر دیکھے کہ کس بچے کا نام لکھا ہے اب وہ بچہ جس کا نام نکلا ہے وہ جماعت کے سامنے آئے اور اپنا کوئی واقعہ بتائے جب اس نے کسی کی مدد کی ہو یا وہ کسی کے کام آیا ہو۔
- اسی طرح ٹوکری اگلی قطار میں کسی بچے کو دی جائے اور ایسے ہی سرگرمی کو دہرایا جائے۔
- سرگرمی کے دوران بچوں کو ٹوکا نہ جائے بلکہ آخر میں اجتماعی طور پر سب کی اصلاح کی جائے۔
- اس سرگرمی کا مقصد بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنا ہے تاکہ وہ آگے چل کر اپنا موقف پیش کرنے کے عادی بن سکیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کے لیے تالیاں بجوائی جائیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 27 کھلوائیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "چھوٹی سی نیکی" کے تلفظ سیکھیں کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر "13" کھولیں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہوں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جو پڑھائی میں کمزور ہو جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہو اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہو، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- اسی طرح صفحہ نمبر 13 کی پڑھائی مکمل کروائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت میں جانے سے پہلے سبق میں موجود مشکل الفاظ کی پرچیاں بنا کر پہلے سے تیار کر لیں۔
- تمام پرچیاں ایک ٹوکری میں ڈال کر جماعت میں لے آئیں۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں۔ دونوں گروہوں کو گروہ "الف" اور گروہ "ب" کا نام دے دیں۔
- الفاظ پر مشتمل ٹوکری جماعت میں موجود میز پر رکھ دیں۔
- اب دونوں گروہوں کے بچوں کو کہیں کہ وہ باری باری آئیں اور ان میں سے ایک ایک پرچی اٹھا کر اس پر لکھے لفظ کی بلند آواز میں پڑھائی کریں۔
- جو بچے درست طور پر الفاظ کی پڑھائی کریں گے۔ ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کتاب کے صفحہ نمبر 14 کی پڑھائی کریں گے۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 28 کھلوائیں۔ اور پہلی دو لائنوں کی بلند خوانی خود کریں۔
- ہر لفظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- ہر لائن کی پڑھائی کے ساتھ بچوں کو اس کا مفہوم بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب جماعت کے بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔
- خیال رکھیں کہ متن پڑھنے کے لیے ان بچوں کو منتخب کریں جنھوں نے گزشتہ روز نہ پڑھا ہو۔
- ہر بار مختلف بچوں کو پڑھنے کا موقع دیں تاکہ کوئی بچہ نظر انداز نہ ہو۔

| |
|---|
| • جہاں بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہ نمائی کریں گے۔<br>• علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ اپنی لائن کی پڑھائی مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔<br>• دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔<br>• اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور وہ جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کریں گے۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق سے متعلق چند سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 2 | جماعت: سوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ: 2 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: چھوٹی سی نیکی | |

| |
|---|
| **مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔ |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ورک شیٹ |
| **تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔<br>• اب بچوں کے چھے گروہ بنا دیں۔<br>• سبق ''چھوٹی سی نیکی'' کے نئے الفاظ میں سے کوئی سے چھے الفاظ پرچیوں پر لکھیں۔<br>• اور پرچیاں بند کر کے ٹوکری میں ڈال دیں۔<br>• ہر گروہ میں سے باری باری ایک گروہ کو بلائیں۔<br>• اور ایک پرچی اٹھانے کو کہیں جب ہر گروہ ایک ایک پرچی اُٹھا لے۔<br>• ہر گروہ سے اپنی پرچی کھولنے کے لیے کہیں۔<br>• باری باری ہر گروہ پرچی پر لکھا لفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس کا معانی بتائے۔<br>• درست تلفظ ادا کرنے اور درست معانی بتانے والا گروہ جیت جائے گا۔ |

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کن پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟ وغیرہ۔
- بچوں کے جوابات لیں۔
- انھیں بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات کو سمجھ پاتے ہیں۔
- لہٰذا آج ہم الفاظ کے معانی جانیں گے تاکہ ہم سبق کو آسانی سے سمجھ سکیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 29 پر موجود الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور مزید ایک کالم بنائیں۔
- اب بچوں سے ان الفاظ کی بلند خوانی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ان کے معانی بھی لکھیں اور خواندگی کروائیں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنادیں۔
- اور الفاظ کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے ٹوکری میں سے کوئی بھی پرچی اُٹھانے اور واپس سیٹ پر جانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچیاں آئی ہیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان کے آگے معانی لکھیں۔
- بعد ازاں ان الفاظ پر مبنی جملے پرچی کی دوسری جانب لکھیں اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

**اعادہ: (3منٹ)** بچوں سے الفاظ کے معانی پوچھیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ: (5منٹ)** بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام: (2منٹ)** ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ

ا۔ دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| مواقع | |
| بھلائی | |
| مخلوق | |
| جانب | |
| شفقت | |
| تلقین | |
| آئندہ | |